KANZULIMAN
KAIJOR
Academic International Journal on Razawiyāt
Multilingual Annual Peer-Reviewed Scholarly Online
ISSN (Applied)

Homepage : www.research.kanzuliman.org/ **Frequency** :1 isuue per Year
Volume : First **Year** : 2020
Issue : First (English) **Email** : kaiojr.kanzuliman@gmail.com

*13th October 2020 KAIJOR 3rd International Conference on "**Razawiyāt: An International Theology**"*

رضوی پریس کی رضویات کے باب میں خدمات

ماخوذ از خطاب: محمد اقدس؛ ترتیب و تخریج: فردین احمد خاں رضوی

رضوی پریس

ARTICLE INFO

Article history:
Received : 29 October 19
Revised : 01 Nov 20
Accepted : 02 Nov 20

Keywords:

Imam, Ahmed, Raza, Khan,
Ala,Hazrat,
Barelwi,

ABSTRACT | **خلاصہ**

رضوی پریس برطانیہ کی سرزمین میں اہل سنت وجماعت کا ایک فعال ادارہ ہے جس نے عربی، اردو سے انگریزی زبان میں ترجمہ نگاری کو نئی بلندیاں عطا فرمائی ہیں۔ رضوی پریس سے شائع ہونے والے ترجمے محض لفظی اور لغوی نہیں بلکہ بہترین درجے کے بیانیہ تراجم ہوا کرتے ہیں۔ تاہم اس پریس کا خاصہ یہ ہے کہ تمام تراجم کے ساتھ مفید حواشی بھی مزید تفہیم خاطر کے لیے پیش کیے جاتے ہیں۔ اس مقالے میں رضوی پریس کی خدمات کا ایک تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔

DOI: 10.7910/DVN/QGCXPJ ©2020 Hosting by KAIOJR, All rights reserved.

* ***Corresponding Author.*** Tel.: +91- 91487 81581
E-mail address: shaheenali.sb@gmail.com
Peer review under responsibility of Kanzuliman Foundation.

KAIOJR
DOI: 10.7910/DVN/QGCXPJ ©2019 Hosting by www.kanzuliman.org Kanzuliman Research Publications
. All rights reserved.
http://research.kanzuliman.org/volume-1-2020/

e-ISSN: Applied@23781 | p-ISSN: Application@RNI:23782@2019025637

سلیل ترجمہ کیا گیا ہے اور بہت سی مزید معلومات بھی اس میں پیش کی گئی ہیں تاہم اس میں دیابنہ کی طرف سے کیے گئے اعتراضات کا بھی جواب دیا گیا ہے۔ یہ کتاب 90 صفحات پر مشتمل ہے۔

اس کے بعد ایک بہت ہی اہم کتاب جو شامل درس ہونی چاہیے،

"The Preamble to Faith" تمہید ایمان کا انگریزی ترجمہ

اور یہ بھی بہترین حواشی کے ساتھ شائع کی گئی ہے 2011ء میں یہ کتاب ریلیز ہوئی تھی، اس میں خود اعلی حضرت کے حواشی ہیں اور مزید ابو حسن صاحب کی طرف سے۔ کتاب کے آخر میں کتابیات بھی شامل ہیں۔ اور اس کتاب کا ایک خاصہ یہ ہے کہ پہلی بار رشید احمد گنگوہی کی وہ تحریر جو دیوبندی مانتے ہیں کہ ان کی ہے اس کا اور وقوع کذب کے فتوے کا تقابلی جائزہ لیا گیا ہے اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ یقینا یہ وقوع کذب کا فتوی ہے اور یہ اسی کی لکھاوٹ ہے۔ یہ کتاب 145 صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں 90 کے قریب ماخذ و مراجع ہیں۔

پھر "Prospects of Recovery"

یہ اعلی حضرت کی تدبیر فلاح و نجات کا انگریزی ترجمہ ہے۔ اس میں بھی حواشی پیش کیے گیے ہے اور کتابیات کو شامل کیا گیا ہے۔ اور اس کتاب میں کفل الفقیہ الفاہم سے بہت سے مقامات پیش کیے گیے ہیں اور اس میں مولانا ابو صاحب کا ایک مضمون ہے آخر میں ہمارے آج کے مسلم نوجوانوں کی پریشانیوں اور ان کے خطرات کا جواب پیش کیا گیا ہے۔ یہ 129 صفحات کی کتاب ہے۔

اس کے بعد "Truth about a Lie"

یہ مسئلہ امکان کذب پر ہے۔ چوں کہ ہمارے یہاں برطانیہ میں چند سال پہلے دیوبندیوں نے اس مسلے پر بہت شور مچایا تھا، تو ابو حسن صاحب نے یہ کتاب خود مرتب کی ہے یہ ترجمہ نہیں ہے۔ اس میں مختصرا ایک تعارف ہے کہ امکان کذب کیا ہے۔ اہل سنت و جماعت کا موقف کیا ہے ہمارا پوزیشن کیا ہے اس مسئلہ میں۔ اور پھر ہمارے موقف پر دلائل پیش کیے گیے ہیں۔ مختلف کتب سے تراجم اور اقتباسات لیے گیے ہیں علم کلام کے اور پھر اس میں علم کلام کا ایک

INTRODUCTION | تمہید

رضوی پریس سن 2010ء سے کام کر رہی ہے جس کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہتی ہے کہ معیاری تراجم پیش کیے جائیں۔ عربی و اردو سے انگریزی میں ہمارے سنی علما کی کتابیں، مضامین وغیرہ، رد و مناظرہ پر مواد خاص طور سے بدمذہب گروہ و اشخاص کے حوالے سے۔ اور اس کے علاوہ انفوگرافکس یا پوسٹرس بھی پیش کیے جائیں۔ رضوی پریس کی تمام مطبوعات، تمام پوسٹرس، تمام کتابچہ پی ڈی ایف کی شکل میں رضوی پریس کی ویب سائٹ "Ridawipress.org" پر موجود ہے جنہیں مفت میں حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ہماری مطبوعات تو بہت سی ہیں مگر چوں کہ یہ پروگرام رضویات کے حوالے سے ہے اس لیے فقط ان کتابوں کا تعارف پیش کیا جا رہا ہے جو اعلی حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے نسبت رکھتی ہیں:

پہلی کتاب "Who is Ala Hazrat?"

یہ سیدی اعلی حضرت علیہ الرحمۃ کی ایک مختصر سی سوانح حیات ہے آپ کا ایک چھوٹا سا انٹرڈکشن ہے۔ اس کتاب میں بھی اور رضوی پریس کی تمام کتابوں میں ابو حسن صاحب نے بہت سے مفید حواشی شامل کیے ہیں۔ اس کتاب میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں اعلی حضرت کی 68 کتابوں کے نام اور ان کے مختصر تعارف پیش کیے گیے ہیں۔ جن میں سے دس کتابیں اعلی حضرت کی علم حدیث میں مہارت کو اجاگر کرتی ہیں۔ یہ 113 صفحات کی کتاب ہے اور اس کو کئی بار شائع بھی کیا گیا مختلف لوگوں کی طرف سے۔ رضوی پریس کی کتابیں ہم چھاپتے نہیں ہیں بلکہ پی ڈی ایف فارم میں اسے لگا دیتے ہیں۔ دنیا میں جو چاہے اس کا پرنٹ ورشن ڈاؤنلوڈ کر کے اسے چھاپ سکتا ہے۔

اگلی کتاب "The Noble Bequests"

یعنی اعلی حضرت علیہ الرحمۃ کا وصایا شریف۔ جو کہ حضرت مولانا حسنین رضا خاں صاحب نے مرتب کیا تھا، جس میں اعلی حضرت کی آخری وصیت ہے۔ اس کا

KAIJOR (2019) 1-15 © KanzulimanFoundation 2019. All Rights Reserved

e-ISSN: Applied@23781 | p-ISSN: Application@RNI:23782@2019025637

پھر "Fatwa Ridawwiyah a Quick Reference"

اس میں اعلی حضرت کے فتاوی جو تیس جلدوں پر مشتمل ہیں ان میں موجود رسائل کی ایک فہرست مرتب کی گئی ہے۔ تاکہ جو طالبان علوم نبویہ ہیں وہ اسے ایک کنجی کے طور پر استعمال کر سکیں۔ اور رسائل کے نام یاد کر سکیں، یا کم از کم رسائل کے نام درست طور پر لے سکیں۔

انفوگرافکس یعنی پوسٹرس کے حوالے سے

یہ ایک کام پہلی بار اہل سنت میں شروع ہوا جس کی ابتدا ایک پوسٹر سے ہوئی تھی جس میں اعلی حضرت کی مختصر سوانح حیات پیش کی گئی تھی، آپ کی پیدائش سے لیکر خاص خاص واقعات کو اس میں ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے دو ایڈیشن ہیں ایک سفید اور ایک ہلکے پیلے رنگ کا۔ یہ بہت ہی مفید ہے جسے کئی بار شائع کیا گیا اور اس سے بہت استفادہ بھی حاصل کیا گیا۔

اس کے بعد فتاوی رضویہ کا ایک پوسٹر تیار کیا گیا

اس میں بھی تمام رسائل جو اس میں ہیں انہیں پیش کیا گیا ہے اس انداز سے کہ کون سا رسالہ کس جلد میں ہے وہ لوگ جلد ڈھونڈ سکیں۔

اس کے بعد "Preface to Fatawa Ridawwiyah"

اس میں فتاوی رضویہ کے خطبۂ جلیلہ جس میں آپ نے سو سے زیادہ کتابوں کے نام لکھے ہیں۔ اس خطبے کا ایک پوسٹر تیار کیا گیا ہے جس میں اصل عربی بھی ہے اور اس کا ترجمہ بھی ہے اور ہر کتاب کے نام کو رنگ دے دیا گیا ہے تاکہ لوگ اس کتاب کے نام کو جان سکیں۔

اس کے بعد "Chains of Authorization"

اس کا بھی ایک پوسٹر تیار کیا گیا۔ یہ وہی اعلی حضرت کی سند فقہ ہے جس کا تذکرہ پہلے ہو چکا۔

اس کے بعد ایک بڑا مفید پوسٹر "Timeline of the Sunni Deobandi Conflict"

سرسری تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔ یہ کتاب تقریبا 85 صفحات کی ہے جس میں 100 کے قریب ماخذ و مراجع ہیں۔

اس کے بعد میرے نزدیک رضوی پریس کی سب سے اہم کتاب

"The Killer Mistake"

2007ء میں اردن کے ایک شخص نوح حم کیلر کے مضمون ایمان کفر اور تکفیر جس کے میں اس نے اعلی حضرت کے اصول تکفیر یعنی آپ نے جو المعتمد المستند میں چار دیابنہ کی تکفیر کی تھی اسے غلط ثابت کرنے کی کوشش کی اس کا جواب ہے۔ اور اس مضمون میں اس نے مانتے ہوئے کہ ہاں دیابنہ کی تحریرات میں گستاخی ہے یہ کہا تھا کہ لیکن اس پر کفر کا فتوی نہیں دیا جا سکتا۔ اس کے رد میں ابو حسن صاحب نے یہ کتاب مرتب کی اور اس میں بھرپور حواشی، کتابیات اور دلائل پیش کیے اور حسام الحرمین سے اقتباسات کے ساتھ ساتھ دیابنہ اور اہل سنت کے درمیان جو دس بڑے فرق ہیں انہیں بیان کیا گیا ہے۔ اور یہ بہت سی جامع کتاب ہے جو کہ شامل درس ہونی چاہیے۔ ابو حسن صاحب نے چاروں مذاہب کی کتابوں سے ان کے معتمد مراجع سے یہ بتایا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی گستاخی کا کیا حکم ہے ان چاروں مذاہب میں۔ اور یہ کہ اعلی حضرت کا فتوی بالکل درست تھا مذاہب اربعہ کی روشنی میں۔

اس کے بعد "Chains of Authorization"

یہ اعلی حضرت کی سند فقہ ہے مذہب حنفی میں۔ اور اس میں تقریبا تیس کتابوں سے مواد لیا گیا ہے اور جو علما اعلی حضرت کی اس سند میں ہیں ان کا مختصر تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔ یہ 70 صفحات پر مشتمل ہے جس میں 90 کے قریب ماخذ و مراجع ہیں۔

پھر اعلی حضرت کا سلام مصطفی جان رحمت پہ لاکھوں سلام

اس کو رومن رسم الخط میں ڈھالا گیا ہے یعنی الفاظ اردو ہیں مگر رسم الخط انگریزی ہے۔ عنقریب اس کا ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔

KAIJOR (2020) 23-35 © Kanzuliman Foundation 2020. All Rights Reserved

e-ISSN: Applied@23781 | p-ISSN: Application@RNI:23782@2019025637

یعنی جو سنی دیوبندی اختلاف ہے اس کے سیاق وسباق کو پیش کیا گیا ہے۔ان میں ایک پورا تاریخی خاکہ پیش کیا گیا ہے اور اس میں جو خاص خاص کتابیں ہیں اور خاص خاص واقعات ہیں انہیں پیش کیا گیا ہے۔

اس کے بعد "Upcoming Works"

یعنی جو رضوی پریس کے آئندہ کے کام ہیں:

ابحاث اخیرہ کا ترجمہ،

سبحان السبوح کا ترجمہ مع حواشی

نتیجہ کلام:

اس تمام گفتگو سے واضح ہوتا ہے کہ رضوی پریس کی رضویات کے باب میں عظیم خدمات ہیں جنہیں کسی بھی حال فراموش نہیں کیا جاسکتا۔

مصادر و مراجع:

[۱]۔آفیشل ویب سائٹ:

Ridawipress.org

[۲]۔

KAIJOR (2019) 23-35 © Kanzuliman Foundation 2020. All Rights Reserved